2nd February
Today is...

PIEDAR

World Wetlands Day

Wetlands are an important ecosystem. They may be:

- Static water (lakes, ponds) or fast flowing (rivers)
- On the coast, inland, in mountains or in plains
- Natural or man-made
- Fresh water marshes maintained by canal seepage
- Acidic, alkaline or salty

Can you think of examples of wetlands? Here are some:

Lakes	Oasis	Flood plains
Mangrove forests	Swamp forests	Rivers
Sand beaches	Coral reefs	Fen
Marshes	Estuary cave pools	

Arabian Sea Coastline of Pakistan, which needs Government attention for growing mangroves.

Wetlands are important for numerous reasons.
For Us: Wetlands are a source of staple food, for example rice. They also supply us with drinking water and raw materials for small industries. Wetlands are a place for recreation, tourism, education and research.

Shyok River Valley, Pakistan

For plants and animals: wetlands benefit our fellow creatures in many ways. Many plants and animals make wetlands their habitat. They are also a place for migratory birds to breed and nest. They can serve as grazing lands in the dry seasons.

For the environment: Wetlands control floods, replenish groundwater supplies, stabilize shorelines and protect us against storms. They also absorb excess nutrients and toxins, thus purifying freshwater.

Wetlands are being destroyed for many reasons. They are drained to turn into farmland or house projects, or converted into reservoirs for power dams. They are also at risk to eutrophication, siltation, drought, pollution, dumping of sewage and pesticides. This in turn affects many living things in Wetlands: mangroves die out, migratory birds and fish may have to find new breeding grounds.

What can **YOU** do to protect wetlands in Pakistan?
Our country's wetlands can only be safe if everyone helps out in protecting them. As a student, you can:

- To raise awareness about the role of wetlands and the importance of conserving them, make posters.
- Hold debates or write essays in the newspapers.
- Much wildlife are also dependent on wetlands. Find out about them and how you can safeguard them.

PAKISTAN INSTITUTE FOR ENVIRONMENT DEVELOPMENT ACTION RESEARCH

ISLAMABAD OFFICE:
Office # 3, 1st Floor, 64-E,
Masco Plaza, Blue Area,
Islamabad.
Tel: 2820359 - 2820369 Fax: 2820379
E-Mail: piedar@isb.comsats.net.pk

KABIRWALA OFFICE:
Main Jhang Road,
Kabirwala - 58250
Phone: 06512 - 410946
Fax: 06512 - 411909
E-Mail: piedar1@mul.paknet.com.pk
piedar_kw@hotmail.com

QUETTA OFFICE:
19-E, Phase-II, Shehbaz Town,
Quetta Cantt., Quetta.
Phone: 081-840697
Fax: 081-840697

EEPAL Co-ordinator: Mrs Attia Qutub Text by: Fauzia Butt and Shalla Gill
Translated by: Mahwish Gul, Designed by: Sahar Mahmood

PIEDAR

2 فروری

مرطوب علاقہ جات کا عالمی دن

مرطوب علاقہ جات اہم فطری نظام ہیں

- ان کا پانی جھیلوں اور تالابوں کی طرح کھڑا یا دریاؤں کی طرح بہتا ہوا ہو سکتا ہے۔
- یہ دریا یا سمندر کے کنارے پر واقع ہو سکتے ہیں اور ان کے اندر بھی، یہ پہاڑوں یا میدانوں میں بھی ہو سکتے ہیں۔
- یہ قدرتی بھی ہوتے ہیں اور مصنوعی بھی۔
- یہ نہروں سے رسنے والے پانی کے نتیجے میں بننے والے تازہ پانی کے جوہڑ بھی ہو سکتے ہیں۔
- ان کا پانی تیزابی، کھاری یا نمکین ہوتا ہے۔

پاکستان کے ساتھ ملنے والا بحرہ عرب کا ساحل، جس پر چرنگ لگانے کے لئے حکومت کی توجہ کی ضرورت ہے۔

کیا آپ مرطوب علاقوں کی کچھ اقسام بتا سکتے ہیں۔ کچھ مثالیں مندرجہ ذیل دی گئی ہیں!

جھیلیں، چرنگ کے جنگلات، دلدلی علاقے،
نخلستان، دلدلی جنگلات، دریا،
سیلابی زمین، ساحل، جھابر،

مرطوب علاقہ جات کئی وجوہات کی بنا پر اہم ہیں۔

یہ ہمارے لئے ضروری ہیں کیونکہ یہ ہمیں خوراک مہیا کرنے کا ذریعہ ہیں۔ مثال کے طور پر چاول جو کہ مرطوب علاقوں میں اگائے جاتے ہیں، یہ ہمیں پینے کا پانی فراہم کرتے ہیں اور ہمیں کارخانوں کیلئے خام مال فراہم کرتے ہیں۔ مرطوب علاقہ جات، تفریح، سیاحت تعلیم اور تحقیق کا اہم ذریعہ ہیں۔

دریائے شائیوک کی وادی، پاکستان

پودوں اور جانوروں کیلئے: مرطوب علاقے انسانوں کے علاوہ دوسری مخلوقات کیلئے بھی کئی طرح سے اہم ہیں۔ یہ بہت سے جانوروں اور پودوں کا مسکن ہیں۔ یہ ہجرت کر کے آنے والے بہت سے پرندوں کو رہنے اور نسل کشی کی جگہ فراہم کرتے ہیں۔ یہ خشک موسم میں چراگاہوں کا کام دیتے ہیں۔

ماحول کیلئے: مرطوب علاقے سیلاب روکنے، زیر زمین پانی کی ترسیل کرنے، ساحلوں کو اعتدال میں رکھنے اور ہمیں طوفان سے بچانے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ زائد غذائی اور زہریلے مادوں کو جذب کر کے تازہ پانی کو صاف کرتے ہیں۔

مرطوب علاقوں کو مختلف مقاصد کے لئے تباہ کیا جا رہا ہے۔ انہیں خشک کر کے یا تو کھیتوں اور رہائشی علاقوں میں تبدیل کیا جا رہا ہے یا ان کے پانی کے ذخیرے کو بجلی بنانے کے ڈیموں کے ذریعے استعمال میں لایا جا رہا ہے مرطوب علاقوں کو آکسیجن کی کمی، مٹی سے بھر جانے، خشک سالی، گٹروں کے گندے پانی اور کیڑے مار ادویات کے شامل ہونے کا خطرہ ہے۔ اس طرح بہت سے جاندار بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ چرنگ کے درخت مر جاتے ہیں، ہجرت کر کے آنے والے پرندے اور مچھلیوں کو نسل کشی کے لئے دوسری جگہیں تلاش کرنی پڑ سکتی ہیں۔

پاکستان میں مرطوب علاقوں کو بچانے کے لئے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

ہمارے ملک کے مرطوب علاقے صرف اس صورت میں بچ سکتے ہیں جب ہر ایک ان کی حفاظت کے لئے مدد کرے۔ بطور طالب علم آپ یہ کر سکتے ہیں کہ۔

- لوگوں میں مرطوب علاقوں کے کردار اور ان کے بچاؤ کی اہمیت کے بارے میں شعور بیدار کرنے کے لئے پوسٹر بنائیں۔
- تقاریر منعقد کریں یا اخبارات میں مقالے تحریر کریں۔
- بہت سی جنگلی حیات مرطوب علاقوں پر انحصار کرتی ہیں۔ ان کے بارے میں اور ان کو بچانے کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

PAKISTAN INSTITUTE FOR ENVIRONMENT DEVELOPMENT ACTION RESEARCH

ISLAMABAD OFFICE:
Office # 3, 1st Floor, 64-E,
Masco Plaza, Blue Area,
Islamabad.
Tel: 2820359 - 2820369 Fax: 2820379
E-Mail: piedar@isb.comsats.net.pk

KABIRWALA OFFICE:
Main Jhang Road,
Kabirwala - 58250
Phone: 06512 - 410946
Fax: 06512 - 411909
E-Mail: piedar1@mul.paknet.com.pk
piedar_kw@hotmail.com

QUETTA OFFICE:
19-E, Phase-II, Shehbaz Town,
Quetta Cantt., Quetta.
Phone: 081-840697
Fax: 081-840697

EEPAL Co-ordinator: Mrs Attia Qutub Text by: Fauzia Butt and Shalla Gill
Translated by: Mahwish Gul, Designed by: Sahar Mahmood